اورتم بے بسی سے یہ تماشا دیکھ رہے ہو۔ دشمن اپنا الاؤلشکر لے کر چہارسوتم پر یلغار کررہا ہے اورتم بلی کو دیکھ کر آنکھیں بند کرلینے والے کبوتر کی طرح دشمن کا تر نوالہ بننے کے لئے بالکل تیار بیٹھے ہو۔ اٹھو اپنے دین کے دفاع کا فریضہ انجام دو اور سب مل کر دشمنوں کی تدبیریں ناکام کردو۔ آج دین کو ہماری قربانیوں اور عزمِ صمیم کی ضرورت ہے، جو یقینا ہمارے لئے اللہ کی نصرت کا سبب ہوں گی۔ وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنے کھوئے ہوئے اسلامی تشخص کو واپس لینے کے لئے اپنے قدموں کو تیز کریں اور اللہ کے سامنے دست بہ دعا ہوں کہ وہ ہمارے لئے ہدایت کا وہ معاملہ مستحکم کردے، جس میں اہل طاعت عزت سے سرخرو ہوتے ہیں اور نافرمان اور کافر ذلت سے دوچار ہوتے ہیں۔

واللہ غالب علی أمرہ ولکن أکثر الناس لایعلمون۔القرآن

اور اللہ کو جو معاملہ کرنا ہوتا ہے وہ کرکے رہتا ہے، لیکن اکثر آدمی ایسے ہیں جو نہیں جانتے!!

[لندن سے شائع ہونے والے معروف عربی مجلہ 'البیان' کے شمارہ ۱۵۳ سے ماخوذ]

نوٹ: آئندہ شمارہ میں عراق میں حالیہ امریکی تسلط کے بعد عیسائی مشنریوں کی بڑھتی سرگرمیوں کا جائزہ شائع ہوگا۔

✎ اسلامک فاؤنڈیشن، حسن پلازہ، اُردو بازار نے صحیح احادیث سے مزین **کیلنڈر** مختلف مواقع کیلئے شائع کئے ہیں جو کاروباری فرم کے نام سے بھی ارزاں نرخ پر شائع کرا جاسکتے ہیں۔ شائقین رابطہ فرمائیں

المُعلِن: حافظ ہشام الٰہی ظہیر 7242850، 0320-4829049

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

✎ **شادی بیاہ** کے سلسلے میں اہل حدیث حضرات رابطہ فرمائیں۔ رشتوں کی نشاندہی میں تعاون کیا جائیگا۔

برائے رابطہ: حاجی عبداللہ، اسلامیہ پارک، نزد گول چکر، جامع مسجد ربانی اہل حدیث، بعد از نماز عشاء

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

✎ سرگودھا میں ماہنامہ محدث کے تقسیم کنندہ جناب شبیر حسین کی والدہ گذشتہ دنوں انتقال کر گئیں، جبکہ گذشتہ سال ان کے والدِ گرامی بھی قضائے الٰہی سے وفات پا گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں کو اپنے مسانید رحمت سے نوازے اور لواحقین کو صبر جمیل عنایت فرمائے۔ ادارہ محدث والدین کی وفات پر ان سے تعزیت کرتا ہے۔

✎ ادارۂ محدث کے رفیق مولانا عبدالمالک سلفی کی خوشدامن اور جماعت اہل حدیث کے سیکرٹری اطلاعات خلیل الرحمن خلجی کی والدہ محترمہ ۹ ردسمبر ۲۰۰۳ء کو اچانک حرکتِ قلب بند ہونے سے انتقال کرگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون...... قارئین محدث سے مرحومہ کی بخشش اور بلندی درجات کے لئے دعا کی درخواست ہے!

www.KitaboSunnat.com

ادارہ